سوال

(71) مالدار لڑکا نابالغ حج نہ کرے تو کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے اگر کوئی لڑکا دس برس کی عمر میں نماز نہ پڑھے تو اس کو مارنے کا حکم ہے، ایسا ہی اگر کوئی لڑکا دس برس کی عمر کا جو صاحب مال ہے، عمداً حج کو ترک کرے تو اس کو کیا کریں؟ (محمد یحییٰ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز نہ پڑھنے پر مارنے کا حکم آیا ہے، حج کے متعلق یہ نہیں آیا، اس لیے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے کہ دس سال کے بچے کو حج نہ کرنے پر مارنا چاہیے۔ بحالیکہ حج نہ کرنے پر بڑے کو بھی مارنے کا حکم نہیں ہے۔ واللہ اعلم (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۰۱ طبع دہلی ۱۳۷۲ ہجری)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 08 ص 87

محدث فتویٰ